ٹاؤن میونسپل کارپوریشن۔نیو کراچی

شعبہ اطلاعات وتعلقات عامہ

Email:aqeelakhtartmc@gmail.com

پریس ریلیز

منتخب بلدیاتی نمائندوں کی کاوشیں،نیو کراچی ٹاؤن ترقی کی طرف گامزن۔

چیئر مین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے سیکٹرالیون ڈی جامع مسجد توحیدی کے اطراف جاری روڈ کارپیٹنگ کا جائزہ لیا۔

نیو کراچی ٹاؤن میں تعمیروترقی کا سفر شب وروز جاری ہے۔چیئر مین محمد یوسف

منتخب نمائندے عوامی مسائل سے باخوبی واقف ہیں،محدود وسائل میں بلدیاتی مسائل کوحل کررہے ہیں۔چیئر مین محمد یوسف

مورخہ:/ 22 اکتوبر 2024ء

کراچی( )منتخب بلدیاتی نمائندوں کی کاوشیں،نیو کراچی ٹاؤن ترقی کی طرف گامزن۔چیئر مین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے سیکٹرالیون ڈی جامع مسجد توحیدی کے اطراف جاری روڈ کارپیٹنگ کا جائزہ لیا۔اس موقع پر یونین کمیٹی چیئر مین،یوسی نائن وائس چیئر مین حنظلہ قریشی،XEN بی اینڈ آر اشتیاق حُسین،انچارج بی اینڈ آر فیصل صغیر،انجینئر صفدر،انجینئر ساجد ودیگر متعلقہ افسران،علاقہ معززین کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔چیئر مین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے روڈ کی تعمیر کا جائزہ لیتے ہوئے افسران کوہدایت دی کے سڑک کی تعمیر میں میٹریل کی کوالٹی کا خاص خیال رکھا جائے تاکہ مضبوط اور پائیدار سڑک کی تعمیر ممکن ہوسکے اور عوام اس سے طویل عرصے تک مستفید ہوسکیں۔چیئر مین نے عوام سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ الحمدللہ نیو کراچی ٹاؤن میں تعمیروترقی کا سفر شب وروز جاری ہے،منتخب نمائندے عوامی مسائل سے باخوبی واقف ہیں،محدود وسائل میں بلدیاتی مسائل کوحل کررہے ہیں۔نیو کراچی ٹاؤن میں عرصہ دراز سے اندرونی سڑکیں اورگلیاں ٹوٹ پھوٹ کا شکار تھیں اورعوام کے لئے پریشانی کا باعث بنی ہوئی تھیں الحمدللہ جماعت اسلامی کے نمائندوں نے عوامی پریشانی کودیکھتے ہوئے نیو کراچی ٹاؤن کے مختلف علاقے سیکٹرالیون ای،سیکٹرالیون جی،سیکٹرالیون ڈی اورسیکٹرالیون ایف میں بیک وقت سڑکوں کی تعمیر کا کام شروع کرایا ہے اورانشاءاللہ اس ہفتے میں تعمیر ہونے والی سڑکوں کا باقاعدہ افتتاح کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ نیو کراچی ٹاؤن کومسائل سے پاک کرنے کے لئے عوامی خدمت فراہم کرنے والے اداروں سے مسلسل رابطے میں ہیں اور علاقوں میں موجود واٹراینڈ سیوریج کے مسائل کوحل کرنے میں مصروف ہیں واٹراینڈ سیوریج کے مسائل کوحل کر کے مرحلہ وارسڑکوں کی تعمیر کا کام کیا جارہا ہے،انہوں نے کہا کہ عوام کوصحت مند ماحول کی فراہمی کے لئے پارکوں کوتزین و آرائش کے بعد بحال کیا جارہا ہے جبکہ نیو کراچی ٹاؤن کوخوبصورت بنانے کے لئے مرکزی شاہراہوں پر قائم گرین بیلٹس پر شجرکاری کے زریعے خوشنما اور پھولدار پودے لگائے جارہے ہیں۔چیئر مین نے مزید کہا کہ جماعت اسلامی کے نمائندوں کوعوامی پزیرائی حاصل ہورہی ہے جس سے ہمارے حوصلے بلند ہورہے ہیں اورعوام کی ہم سے جواُمیدیں وابستہ ہیں ہم انشاءاللہ ان پر پورا اُتریں گے جب تک جماعت اسلامی کے نمائندے موجود ہیں عوام کے مسائل کو حل کرتے رہیں گے۔

جاری کردہ:۔

عقیل اختر
پبلک ریلیشن آفیسر
نیو کراچی ٹاؤن